خصوصی پریس ریلیز

# کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس

## معیشت

# ہر 3 میں سے 1 صارف 2022 کی سہ ماہی میں بے روزگاری کی سطح میں کمی آنے کے حوالے سے پراُمید ہیں۔

**(گیلپ پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈاسٹریٹ کی جانب سے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس Q1 2022)،**

(اسلام آباد)، 25 اگست، 2022

گیلپ پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈاسٹریٹ کی جانب سے کیے گئے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس سروے کے مطابق، آج کی نسبت آنے والے مہینوں میں مجموعی طور پر بے روزگاری کی صورتحال کے حوالے سے توقعات میں کچھ بہتری نظر آتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کے خیال میں آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری کی سطح میں کیا تبدیلی آئے گی؟"**۔اس سوال کے جواب میں 2% جوابدہندگان کے مطابق آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری بہت کم ہو جائے گی۔18% جوابدہندگان کے مطابق کم ہو جائے گی، 25% جوابدہندگان کے مطابق اتنی ہی رہے گی، 33% جوابدہندگان کے مطابق بڑھ جائے گی، جبکہ 12% جوابدہندگان کے مطابق آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری بہت بڑھ جائے گی، تاہم 10% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس سروے پاکستان میں صارفین کی رائے جاننے کیلئے گیلپ پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈاسٹریٹ کی جانب سے ہر چار ماہ بعد کیا جاتا ہے۔اس سروے کی پہلی رپورٹ 2020 میں تیار کی گئی ہے اور اس کی تمام 8 رپورٹس فراہم کی جاسکتی ہیں۔اگر آپ اس کی رپورٹس حاصل کرنا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی بلال اعجاز گیلانی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر گیلپ پاکستان کو ای میل لکھیں :

bilal.gilani@gallup.com.pk

گیلپ پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈاسٹریٹ کنزیومر کنفیڈنس انڈکس Q1 2022 کی مکمل رپورٹ https://gallup.com.pk/post/33476 سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

**" آپ کے خیال میں آج کے مقابلے میں اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بیروزگاری کی سطح میں کیا تبدیلی آئے گی؟"**


**پاکستان بھر سے**




*Source: Consumer Confidence Index Survey by Gallup Pakistan and Dun & Bradstreet Q1 2022*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

**تقابلی جائزہ:**

45%جوابدہندگان کے مطابق اگلے چھ ماہ کے دوران ملک میں بے روزگاری کی سطح بڑھ جائے گی۔(Q4 2021 میں اس حوالے سے شرح 54% تھی جو کہ اب کم ہوئی ہے)۔




*Source: Consumer Confidence Index Survey by Gallup Pakistan and Dun & Bradstreet Q1 2022*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

پاکستان کنزیومر کنفیڈنس انڈکس سروے ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان اور گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1,765 مرد و خواتین سے مئی 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر95%اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, August 25, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)